آسان فقہی مسائل: جمع وترتیب: مولانا عمر فاروق۔ناشر: مکتبہ بیت العلم اردو بازار کراچی۔سائز: 23×36/16۔صفحات:۶۰۳۔ قیمت:۳۵۰روپے۔

زیرہ تبصرہ کتاب ''آسان فقہی مسائل'' دراصل عام اردو خواں طبقہ کو روزمرہ پیش آمدہ ضروری واہم مسائل میں ان کی دینی رہنمائی کی غرض سے مرتب کی گئی ہے۔جس میں ایمانیات، معجزہ، کرامات اولیاء، علامات قیامت، ظہور مہدی، خروج دجال، نزول عیسی علیہ السلام، جنت ودوزخ سے متعلق تفصیلات کے علاوہ طہارت، نماز، روزہ، زکوٰۃ اور وحلال وحرام سے متعلق مسائل کو عام فہم انداز میں بیان کیا گیا ہے۔اس سلسلے میں فاضل مرتب نے مختلف اردو فتاوی وکتب کو پیش نظر رکھا ہے۔ ہر مسئلہ کی تخریج بھی کردی گئی ہے۔ یہ ایک اچھا مجموعہ ہے۔امید ہے عام مسلمان اس کی خاطر خواہ پذیرائی کریں گے۔

البتہ فاضل مرتب نے لکھا ہے کہ جہاں کسی مسئلے سے متعلق کئی اقوال ذکر کئے گئے ہیں، وہاں کسی بھی قول پر عمل کرنے کی گنجائش ہے۔ ہمارے خیال میں عام اردو خواں طبقے کو یہ اختیار تفویض کرنا خطرے سے خالی نہیں، اس کو وہ اپنی ناسمجھی کی بنا پر ضابطہ بنالیں گے اور کسی بھی کتاب میں کسی مسئلہ سے متعلق ایک سے زائد اقوال ہونے کی صورت میں ہوائے نفس کی اتباع میں اپنی مرضی کا کوئی ایک قول اختیار کرلیں گے۔دوسری بات کتاب میں جماعت ثانیہ کے جواز کو تین صورتوں میں منحصر کیا گیا ہے حالانکہ ایسا نہیں، اس میں کچھ توسع ہے۔''ردالمحتار'' وغیرہ کی مراجعت کرکے مزید صورتیں بھی لکھ دی جائیں۔کتاب کی کمپوزنگ، طباعت، سیٹنگ، ٹائٹل سب معیاری ہیں۔

شرح ریاض الصالحین: مؤلف: امام ابوزکریا محیی الدین نوویؒ۔شارح: مولانا محمد الیاس بارہ بنکوی۔ ناشر: زمزم پبلشرز کراچی۔سائز 20×30/8۔صفحات:۸۰۰۔ قیمت ۵۰۰روپے۔

امام نوویؒ ساتویں صدی ہجری کے عبقری صفت محدث، بلند پایہ فقیہ اور زہد وورع میں یکتائے روزگار تھے۔انہوں نے حدیث، مصطلح حدیث، فقہ، تراجم اور لغت میں کئی بیش بہا کتب تالیف کیں۔ان کی مقبول ترین تصانیف میں سے ایک ''ریاض الصالحین'' بھی ہے۔ جو زندگی کے مختلف شعبوں سے متعلق منتخب قرآنی آیات اور احادیث صحیحہ پر مشتمل ہے۔قرآن وحدیث کا یہ مجموعہ اللہ تعالیٰ پر ایمان کو مضبوط، اس سے تعلق کو مستحکم، نفوس کے اصلاح وتزکیہ، دلوں کی پاکی اور علاج، اعضاء وجوارح کی گناہ سے حفاظت اور ان کی کجی کو درست کرنے، دلوں میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت پیدا کرنے اور بڑھانے اور اخلاص وللّٰہیت پیدا کرنے کے لئے نسخۂ اکسیر ہے۔اس کتاب کی اس غیر معمولی قبولیت کی وجہ سے متعدد علماء نے اس پر شرح وتعلیق کے کام کئے ہیں۔اس کی سب سے عمدہ علمی وتحقیقی شرح شیخ محمد بن علان صدیقی شافعی کی ''دلیل الفالحین'' ہے، جو چار جلدوں میں ہے۔ اصلاحی نقطہ نظر سے شیخ عثیمین کی شرح خطباء وواعظین حضرات کے لئے بہترین تحفہ ہے۔اردو میں بھی اس پر کچھ شروح لکھی گئی ہیں۔زیر تبصرہ کتاب بھی اسی